۱۔ دی گئی خالی جگہوں میں تذکیر اور تانیث کے لحاظ سے فعل لکھ کر جملے مکمل کیجیے۔

(ا) بچّے اسکول __________ تھے۔ (گئے / گئی)

(ب) بانو روز کتاب __________ ہے۔ (پڑھتا / پڑھتی)

(ج) بچّے پارک میں کھیل __________ ہیں۔ (رہی / رہے)

(د) گائے چارہ __________ ہے۔ (کھاتا / کھاتی)

(ہ) استاد ہمیں سبق __________ ہیں۔ (پڑھاتے / پڑھاتی)

(و) امّی روٹی پکا __________ ہیں۔ (رہا / رہی)

(ز) یہ لڑکا تیز __________ ہے۔ (دوڑتا / دوڑتی)

(ح) میری بہن تصویر __________ ہے۔ (بناتا / بناتی)

(ط) طالبات امتحانات میں کامیاب __________۔ (ہوگئیں / ہو گئے)

(ی) راشد دروازہ کھول __________ ہے۔ (رہا / رہی)

۲۔ دیے گئے جملوں میں سے تمنّائی اور شکّیہ جملے پہچان کر (✓) کا نشان لگائیے۔

| جملے | تمنّائی | شکّیہ |
|---|---|---|
| کاش میں پہاڑوں پر جا سکتا۔ | | |
| امید ہے کہ امتحان آسان ہو گا۔ | | |
| ممکن ہے بارش ہو جائے۔ | | |
| کاش ہم سب ہمیشہ خوش رہیں۔ | | |
| میری تمنّا ہے کہ میرے والدین مجھ پر فخر کریں۔ | | |
| شاید وہ آج اسکول نہ آئے۔ | | |
| ہوسکتا ہے وہ ہمیں بھول گیا ہو۔ | | |
| میری تمنّا ہے کہ میں ایک بہترین استاد بنوں۔ | | |

| | | |
|---|---|---|
| شاید وہ بیمار ہے۔ | | |
| کاش اس دُنیا سے دُکھ ختم ہو جائیں۔ | | |
| ہوسکتا ہے وہ سچ بول رہا ہو۔ | | |
| میری تمنّا ہے کہ میں ایک اچّھا انسان بنوں۔ | | |
| امید ہے کل موسم خوشگوار ہو گا۔ | | |
| ممکن ہے وہ ابھی راستے میں ہو۔ | | |
| لگتا ہے یہ کھلاڑی ہار گیا ہے۔ | | |
| امید ہے کہ تم جلد صحت یاب ہو جاؤ گے۔ | | |